نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق
موجودہ اور مجوزہ اقدامات

ہانگ کانگ کونسل برائے تمباکو نوشی اور صحت

ہانگ کانگ کونسل برائے تمباکو نوشی اور صحت (COSH) کا قیام 1987 میں عمل میں لایا گیا تھا۔ یہ ایک قانونی ادارہ ہے جس کی ذمہ داری فرائض پر مشتمل ہے ، جیسا کہ "ہانگ کانگ کونسل برائے تمباکو نوشی اور صحت" (کیپ 389) میں طے شدہ ہے کہ (1) عوام کو تمباکو نوشی کے نقصانات اور اس کے صحت پر پڑنے والے نقصانات سے آگاہ کرنا اور انہیں تعلیم دینا؛ (2) تمباکو پر انحصار کے سبب ، روک تھام اور علاج کے سلسلے میں تحقیق کا انعقاد اور ہم آہنگی۔ اور (3) تمباکو نوشی اور صحت سے متعلق معاملات پر حکومت ، معاشرتی صحت کی تنظیموں یا کسی بھی عوامی ادارے کو مشاورت، کے ذریعے کمیونٹی کی صحت کی حفاظت کرنا اور بہتری لانا ہے۔

متعلقہ خدمات

- ہانگ کانگ میں بڑے پیمانے پر عوام میں تمباکو نوشی سے پاک طرز زندگی اور تمباکو نوشی کے خاتمے کے لیے تعلیم اور تشہیری سرگرمیاں منعقد کی جاتی ہیں۔ تمباکو نوشی اور صحت سے متعلق بھی معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں۔

موجودہ اقدامات

- COSH کام کرنے والے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے تاکہ عوام میں تمباکو نوشی سے پاک پیغامات کو عام کیا جاسکے۔ یونائیٹڈ کرسچن نیتھرسول کمیونٹی ہیلتھ سروس (UCNCHS) ، جس کو نسلی اقلیتوں اور نئے تارکین وطن کے درمیان تمباکو نوشی سے متعلق ایک جگہ پر خدمات کو فروغ دینے کے لیے محکمہ صحت کے ذریعہ سبسڈی دی گئی ہے ۔ وہ تمباکو نوشی سے متعلق خاتمے کی خدمات مہیا کرتا ہے جو زبان اور ثقافتی اختلافات کو دور کرتے ہیں اور تمباکو نوشی سے پاک ثقافت کا ہانگ کانگ میں نسلی اقلیتوں اور نئے تارکین وطن کے لیے فروغ دیتے ہیں۔ UCNCHS COSH کے کام کرنے والے شراکت داروں میں سے ایک ہے۔ تمباکو نوشی اور تمباکو پر قابو سے متعلق تازہ ترین معلومات کو تنظیم تک پہنچایا جاتا ہے ، اور انہیں COSH کے زیر اہتمام سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی دعوت دی جاتی ہے۔ مختلف نسلی پس منظر کے نمائندوں کو بھی حکومت کو تمباکو کے کنٹرول کی پالیسیوں کے بارے میں اپنی آراء اور خیالات کے اظہار کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔

- عوام میں، خاص طور پر ان کی خدمت کےاہداف کو دستیاب معلومات اور استعمال کے بارے میں آگاہی بڑھانے کے لیے UCNCHS کی خدمات کو وقتا فوقتا مختلف پلیٹ فارمزجیسے تشہیر کے پروگراموں ، تعلیمی مواد اور سوشل میڈیا وغیرہ میں عام کیا جاتا ہے۔

- 2018 سے COSH نے ہانگ کانگ میں چائینیز بولنے والے اور غیر چائینیز بولنے والے دونوں باشندوں کو ہدف بناتے ہوئے UCNCHS اور دیگر کمیونٹی تنظیموں کے ساتھ تشہیری سرگرمیاں منظم کرنے کے لیےتعاون کیا ہے۔ سفیروں کی حیثیت سے مختلف نسل پر مشتمل عملے اور رضاکاروں کو بھی تربیت دی گئی تاکہ وہ اپنے نسلی گروہوں کے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو تمباکو نوشی سے پاک پیغامات پھیلائیں۔

- نسلی اقلیت کے لیے خودکار تمباکو نوشی کے خاتمے سے متعلق خدمات کے حوالے کرنے کا انتظام کیا جائے گا، تاکہ وہ تمباکو نوشی ترک کرنے کے لیے مناسب مشورے اور طریقے حاصل کرسکیں۔ نسلی اقلیتی زبانوں میں کتابچہ یا QR کوڈ کا ڈاؤن لوڈ ورژنز جہاں مناسب ہو فراہم کیا جائے گا۔

مستقبل کے کام کا تعین

- مذکورہ بالا اقدامات کا جائزہ اور جانچ باقاعدگی سے کی جاتی ہے ، بشمول خدمت کے استعمال کی تعداد اورصارفین کی تعداد۔ جب ضرورت ہو گی تو اقدامات کو بہتر بنایا جائے گا۔

اضافی اقدامات لیے گئے /لیے جائیں گئے

- COSH مذکورہ بالا اقدامات برقرار رکھے گا اور جائزہ لے گا تاکہ مختلف نسلوں کے لوگوں میں تمباکو نوشی سے پاک تصور کو برقرار رکھنے کے لیے مختلف کمیونٹی تنظیموں کے ساتھ باہمی تعاون کو بڑھا سکے۔ نسلی مساوات کو بہتر بنانے کےلیے مختلف زبانوں میں تشہیر کے مواد بھی تیار کیے جائیں گے۔

- COSH مختلف نسل کے لوگوں کو تمباکو نوشی سے پاک معلومات کو فروغ دینے کے لیے ضلع میں صحت کو فروغ دینے والی تنظیموں کے ساتھ تعاون کے لیے بھی تحقیق کرے گا۔

- عملے میں نسل سے متعلق حساسیت اور امور کو سمجھنے کے لیے تربیت کا انتظام کیا جائے گا۔

نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق موجودہ اور مجوزہ اقدامات کے بارے میں پوچھ گچھ کے لیے ، براہ کرم مندرجہ ذیل چینلز کے ذریعے سینئر پروجیکٹ منیجر ، مسٹر لارنس چیو سے رابطہ کریں۔

ٹیلیفون نمبر : 2185 6388
فیکس نمبر : 2575 3966
ای میل : enq@cosh.org.hk
ڈاک کا پتہ : Unit 4402-03, 44/F, Hopewell Centre, 183 Queen's Road East, Wanchai, Hong Kong.

ہانگ کانگ کونسل برائے تمباکو نوشی اور ص
جون2025